میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعہ، 05رمضان، 1445ھ 15/03/2024 نمبر:1445/39

پریس ریلیز

اس رمضان کے مہینے میں، جو مسلم فتوحات کا مہینہ ہے، اے افواج پاکستان! غزہ کے بچوں کی پکار کا جواب دور ہونے کے باوجود ویسے ہی دو، جیسے محمد بن قاسم نے ہمارے آباؤاجداد کی فریاد کا دور سے آکر جواب دیا تھا

12 مارچ 2024 کو اپنی پریس ریلیز نمبر 20240312–01 میں پاکستان اور مشرق وسطیٰ کے لیے امریکی عسکری ونگ، یو ایس سینٹرل کمانڈ نے، رائل اردن کی فضائیہ کے ساتھ مل کر غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ایک مشترکہ فضائی ڈراپ کا اعلان کیا۔ تاہم، غزہ کا موجودہ بحران زلزلے یا سیلاب جیسی تباہی نہیں ہے، بلکہ یہ یہودی وجود کی جانب سے شہری آبادی کے خلاف سب کچھ تباہ و برباد کرنے (scorched-earth) کی فوجی حکمت عملی ہے۔ یہ ایک تباہ کن نسل کشی ہے جسے مغربی صلیبیوں کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ یہ ایک ظالمانہ محاصرہ ہے جس میں مسلمان کچرے میں سے گلی سڑی خوراک تلاش کرنے پر مجبور ہیں، اور پانی کی شدید کمی اور وہ بھوک سے مر رہے ہیں۔ یہ یہود کی جانب سے مسلط ایسی جنگ ہے جو قبضے سے شروع ہوئی تھی اور مزید قبضے کے ساتھ ختم ہو گی۔ اب بہت ہو گیا۔ رمضان المبارک، اس فتوحات کے مہینے میں، مسلم فوجوں کو یہودی وجود کو مٹانے کے لیے متحرک ہونا چاہیے۔ مسلمان، افواج پاکستان میں اپنے رشتہ داروں اور دوستوں میں سے آج کے محمد بن قاسم کو بیدار کریں۔ اور افواج پاکستان! غزہ کے بچوں کی پکار کا جواب دور ہونے کے باوجود ویسے ہی دو، جیسے محمد بن قاسم نے ہمارے آباؤاجداد کی

فریاد کا دور سے آکر جواب دیا تھا۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا، ﴿وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ﴾ **"اور اگر وہ دین کے معاملے میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا واجب ہے۔"**(الانفال، 9:72)۔

اے پاکستان کے مسلمانو! پاکستان کے حکمران اور ان کے سرگوشی کرنے والے شیطان آج بھی غزہ کی لئے افواج پاکستان کو متحرک کرنے کے آپ کے مسلسل اور مخلصانہ مطالبے سے جل بھن رہے ہیں۔ یہ وہی گھٹیا حکمران ہیں جو واشنگٹن کی ایک فون کال پر امریکی مفادات کی تکمیل کے لیے دنیا میں کہیں بھی، قریب یا دور ہماری فوجیں بھیج دیتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود، اب وہی یہ کہتے ہیں کہ غزہ بہت دور ہے! جب مسلمانوں کو سہارے کی ضرورت ہو تو فاصلے کوئی رکاوٹ نہیں ہوتے ہیں۔ جب ہم پر حملہ آور اور ہمیں ہماری سرزمین سے نکالنے والے دشمن سے لڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ کا حکم آتا ہے تو فاصلے کوئی رکاوٹ نہیں رہتے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا، ﴿وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ﴾ **"اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا۔"**(البقرۃ، 2:191)۔ جب بات مسجد اقصیٰ، فلسطین کی بابرکت سرزمین کی ہو جو کہ رسول اللہ ﷺ کے معراج کے سفر کی منزل تھی، تو فاصلہ کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ جب بات ایمان اور اللہ کی اطاعت کی ہو تو فاصلہ کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ ان کے لیے فاصلہ کوئی رکاٹ نہیں جو جنت کے انعام اور محمد المصطفیٰ ﷺ کی ابدی صحبت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کی اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجارت کرتے ہیں۔

اے پاکستان کے مسلمانو! افواج پاکستان میں اپنے کسی رشتہ دار اور دوست کا کوئی عذر قبول نہ کریں۔ اگر وہ کہیں کہ وہ حکمرانوں کے حکم پر عمل کر رہے ہیں تو انہیں یاد دلائیں کہ وہ مسلمان ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے بڑھ کر کوئی حکم نہیں ہے۔ ابن ماجہ اور احمد میں صحیح سند کے ساتھ روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **مَنْ أَمَرَكُمْ مِنْهُمْ بِمَعْصِيَةِ اللَّهِ فَلَا تُطِيعُوهُ "تم میں سے جو کوئی تمہیں اللہ کی نافرمانی کا حکم دے تو اس کی اطاعت نہ کرو۔"** اگر وہ کہتے ہیں کہ پاکستان کے کرپٹ حکمران انہیں روک رہے ہیں تو ان سے مطالبہ کریں کہ انہیں اور ان کی

کرپشن کو ختم کریں۔ اگروہ کہتے ہیں کہ عرب کے حکمران انہیں غزہ تک رسائی سے انکار کر دیں گے، تو ان سے مطالبہ کریں کہ وہ نبوت کے نقش قدم پر خلافت دوبارہ قائم کریں، جو عجم اور عرب کے تمام مجرم حکمرانوں کو ہٹادے گی۔ اگروہ کہتے ہیں کہ اس معاملے میں ان کی قیادت کرنے کے لیے کوئی قیادت نہیں ہے تو ان سے حزب التحریر کو نصرت دینے کا مطالبہ کریں۔ اگروہ اس کے بعد بھی کچھ کہتے ہیں تو انہیں بتادیں کہ اب انہیں اللہ تعالیٰ کو جواب دینا ہے اور آپ ان کے خلاف گواہی دیں گے۔ اور پھر اس کے بعد کبھی ان سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کریں۔

اے افواج پاکستان کے مسلمانو! آپ کمزور نہیں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو روئے زمین پر سب سے زیادہ طاقتور لشکر بنایا ہے۔ آپ روئے زمین کی حمایت سے محروم نہیں ہیں جیسا کہ دو ارب کی امت اسلامیہ اب اٹھ چکی ہے اور آپ کو اب اس کے ساتھ اٹھنا ہو گا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ آسمانوں کی مدد سے محروم نہیں ہیں، کیونکہ آپ کا حامی اللہ تعالیٰ ہے۔ تاریخ کے دھارے کو وہ لوگ نہیں پلٹتے جو مردانگی، وقار اور ایمان سے محروم ہو۔ یہ کام مرد کرتے ہیں جو انتھک کوشش کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے نصر پر پورا یقین رکھتے ہیں۔ حزب التحریر اپنے امیر شیخ عطا بن خلیل ابو الرشتہ کی قیادت میں، آپ کو کئی دہائیوں سے اچھی طرح جانتی ہے۔ آپ میں کوئی ایک محمد بن قاسم نہیں، بلکہ بہت سے ہیں۔ مطلوبہ کام کی تکمیل اور شرعی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے آپ میں ایسے افراد کافی سے زیادہ ہیں۔ لہٰذا پیارے بھائیوں، شیخ عطا کے ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر آگے بڑھیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، ﴿**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ**﴾ **"اے ایمان والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے اللہ تمہاری مدد کرے گا، اور تمہارے قدم جمادے گا۔"** (محمد، 47:7)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس